بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ


# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

**مرکزی دفتر:** گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 061-111122133


حوالہ نمبر: AM-1 1366 -1447/s

تاریخ: 30-02-1447
25-08-2025

## ضروری ہدایات برائے مدارس

- **تجدید الحاق ترقی الحاق:** وفاق المدارس کے تحت تمام درجات کے داخلے آن لائن کر دیئے گئے ہیں۔کسی درجے کا کوئی داخلہ، فارم پر قبول نہیں کیا جائے گا۔ نیز جس درجہ تک مدرسہ کا الحاق ہوگا اُسی درجہ تک آن لائن داخلے ہوسکیں گے۔اس سے فوقانی درجات کے آن لائن داخلے اس وقت تک نہیں ہوسکیں گے جب تک اس درجہ میں ترقی الحاق نہیں کروالیں گے۔لہٰذا ایسے مدارس جلد از جلد ترقی الحاق کروالیں تاکہ آن لائن داخلوں میں مشکلات نہ ہوں۔ نیز جن مدارس کی تجدید الحاق کی مدت پوری ہوچکی ہو وہ اپنی تجدید الحاق کروالیں۔

ترقی الحاق اور تجدید الحاق کے فارم وفاق کی ویب سائٹ پر دے دیئے گئے ہیں۔ ہر مدرسہ اپنی آئی ڈی سے بذریعہ خفیہ کوڈ اپنا ترقی الحاق فارم یا تجدید الحاق فارم ڈاؤن لوڈ کر سکتا ہے۔یہ فارم پُر کر کے مسئول وفاق کی سفارش، سابقہ سند الحاق اور فیس کے ثبوت کے ساتھ مرکزی دفتر وفاق ملتان کو بھجوائیں۔

- **تبدیلی امتحانی مرکز:** انفرادی طور پر کسی طالب علم یا طالبہ کا امتحانی مرکز تبدیل کرنے کی عموماً اجازت نہیں ہے۔تاہم شدید مجبوری کی صورت میں حسب ضابطہ مدرسہ کی درخواست، مسئول کی سفارش اور ناظم اعلیٰ وفاق کی منظوری کے ساتھ تبدیلی ہوسکے گی۔5 رجب المرجب سے پہلے دفتر وفاق میں درخواست موصول ہونا ضروری ہے،اس کے بعد کسی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔
- **آن لائن تعلیم قابل قبول نہیں:** وفاق کے تحت آن لائن تعلیم قابل قبول نہیں۔لہٰذا آن لائن پڑھنے والے طلبہ وطالبات کے داخلے نہ کئے جائیں۔اگر آن لائن تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے داخلے بھیجے گئے اور ایسے کسی طالب علم / طالبہ نے امتحان میں شرکت بھی کرلی تو بعد میں معلوم ہونے پر اس کا نتیجہ کالعدم قرار دیا جائے گا۔
- **شاخ کا ضابطہ:** ,,وفاق،، سے ملحق کسی بھی جامعہ یا مدرسہ کی کوئی بھی شاخ اس وقت معتبر ہوگی۔جب اس شاخ پر متعلقہ جامعہ یا مدرسہ کا مکمل کنٹرول ہو۔اساتذہ وعملہ کے عزل ونصب کا کلی اختیار متعلقہ جامعہ یا مدرسہ کو حاصل ہو۔مدارس اپنی شاخوں کا اندراج ضلعی مسئول کی سفارش سے دفتر وفاق میں قبل از امتحان کروائیں۔بصورتِ دیگر داخلہ پرائیویٹ قرار دیا جائے گا اور بعدِ امتحان ''شاخ'' کا دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔
- **دورہ حدیث کے راسبین:** دورہ حدیث کے راسب طلبہ وطالبات کو مکمل امتحان دوبارہ دینا ہوگا۔اگر کچھ پرچے ایک سال دیئے اور کچھ دوسرے سال تو وہ یکجا نہیں کیے جائیں گے۔
- **غائب یا کالعدم پرچوں میں دوبارہ شرکت لازم:** جو طلباء کسی پرچہ میں غائب ہوں گے یا کوئی پرچہ کالعدم ہوگا تو انہیں ضمنی قرار دیا جائے گا۔کامیاب نہیں قرار دیا جائے گا، چاہے وہ مجموعی طور پر چالیس فیصد نمبر حاصل کر چکے ہوں۔کامیابی کے لیے لازم ہوگا کہ وہ ان مضامین کا پرچہ دوبارہ دیں۔
- **رفع درجات کا امتحان:** نمبروں میں اضافہ کے لیے دوبارہ امتحان دینے والوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اس درجے کی پہلی سند دفتر وفاق کو واپس جمع کروائیں بصورت دیگر رقم الجلوس جاری نہیں کیا جائے گا۔

رفع درجات والے جس پرچے کا امتحان دوبارہ دیں گے حسب ضابطہ امتحان ہال میں آ کر حاضری لگانے پر اس پرچہ کے سابقہ نمبر کالعدم ہوں گے چاہے وہ حاضری لگانے کے بعد پرچہ دے یا نہ دے۔

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان